NHS

# این ایچ ایس رحم کی اسکریننگ

## فیصلہ کرنے میں آپ کی مدد کرنا



| | |
|---|---|
| رحم کا سرطان کیا ہے؟ | 2 |
| کیا شے رحم کے سرطان کا باعث بنتی ہے؟ | 2 |
| رحم کی اسکریننگ کیا ہے؟ | 3 |
| پستان کی اسکریننگ کے نتائج | 6 |
| رحم کی اسکریننگ کے نتائج | 8 |
| فیصلہ کرنا – رحم کی اسکریننگ کے ممکنہ فوائد اور خطرات | 9 |
| رحم کے سرطان کی علامات کیا ہیں؟ | 10 |
| میرے رحم کے سرطان میں مبتلا ہونے کے امکانات پر کیا شے اثر انداز ہوتی ہے؟ | 11 |
| اسکریننگ کے بعد میرے نمونے کے ساتھ کیا ہوتا ہے؟ | 11 |
| اگر میں کوئی سوال پوچھنا چاہوں تو کس سے رابطہ کروں؟ | 12 |

**یہ آپ کو انتخاب کرنا ہے کہ آپ رحم کی اسکریننگ کروانا چاہتی ہیں یا نہیں۔ اِس کتابچے کا مقصد فیصلہ کرنے میں آپ کی مدد کرنا ہے۔**

## این ایچ ایس رحم کی اسکریننگ کی پیش کش کیوں کرتا ہے؟

این ایچ ایس رحم کی اسکریننگ رحم کے سرطان سے بچنے میں مدد کرتی ہے۔ یہ برطانیہ میں ہر سال رحم کے سرطان سے 5000 کے برابر زندگیاں بچاتی ہے۔

## مجھے رحم کی اسکریننگ کے لئے بلاوا کیوں بھیجا گیا ہے؟

این ایچ ایس 25 سے 49 کے درمیان عمر والی تمام خواتین کو ہر 3 سال میں ایک بار اور 50 سے 64 سال کے درمیان عمر والی خواتین کو 5 سال میں ایک بار رحم کی اسکریننگ کی پیش کش کرتا ہے۔ اِس کی وجہ یہ ہے کہ رحم کے زیادہ تر سرطان اُن خواتین کو ہوتے ہیں جن کی عمر 25 سے 64 سال کے درمیان ہو۔

## رحم کا سرطان کیا ہے؟

رحم کا سرطان اُس وقت شروع ہوتا ہے جب رحم میں موجود خلیے بے ہنگم انداز میں بڑھنا شروع کردیتے ہیں اور بڑھتے بڑھتے ایک رسولی کی شکل اختیار کرلیتے ہیں (جسے گلٹی بھی کہا جاتا ہے)۔ جیسے جیسے رسولی بڑھتی ہے تو خلیے آخر کار جسم کے دوسرے حصّوں تک پھیل سکتے ہیں اور زندگی کے لئے خطرہ بن سکتے ہیں۔

آپ کا رحم بچہ دانی (کوکھ) کا سب سے زیریں حصّہ ہے اور یہ آپ کی فرج کے اوپری حصّے میں پایا جاتا ہے۔


## کیا شے رحم کے سرطان کا باعث بنتی ہے؟

تقریباً تمام تر رحم کے سرطان ایک ایسے وائرس کی وجہ سے ہوتے ہیں جسے انسانی پیپیلوماوائرس (مختصرا ایچ پی وی) کہا جاتا ہے۔

ایچ پی وی بہت عام وائرس ہے – زندگی کے کسی نہ کسی حصّے میں زیادہ تر لوگوں میں یہ سرایت کرجائے گا۔ یہ کسی مرد یا عورت کیساتھ کسی قسم کے جنسی عمل کے نتیجے میں ایک فرد سے دوسرے فرد کو منتقل ہو سکتا ہے۔ ایچ پی وی کی بہت سی اقسام ہیں لیکن اُن میں سے صرف چند ایک ہی سرطان پر منتہج ہوتی ہیں۔

ایچ پی وی کی جو اقسام رحم کے سرطان کا باعث بنتی ہیں وہ کسی قسم کی علامات ظاہر کیے بغیر آپ کے رحم میں سرایت کرسکتی ہیں۔ زیادہ تر کیسوں میں آپ کے علم میں آئے بغیر کہ آپ اِس میں مبتلا تھے، آپ کا مدافعتی نظام اِس وائرس سے چھٹکارا حاصل کرسکتا ہے۔ لیکن بسا اوقات، ایچ پی وی کی انفیکشن کی وجہ سے آپ کے رحم میں خلیے خلافِ معمول شکل اختیار کر لیتے ہیں۔

عام طور پر، آپ کا جسم خلافِ معمول خلیوں سے چھٹکارا حاصل کر سکتا ہے اور آپ کا رحم معمول کی حالت کی جانب لوٹ جاتا ہے۔ لیکن کبھی کبھی ایسا نہیں ہوتا اور خلافِ معمول خلیے آگے جاکر سرطان میں تبدیل ہوجاتے ہیں۔




## رحم کی اسکریننگ کیا ہے؟

رحم کی اسکریننگ (جسے 'سمیئر ٹسٹ بھی کہا جاتا تھا) میں آپ کے رحم کی سطح سے خلیوں کا چھوٹا سا نمونہ لیا جاتا ہے۔ یہ نمونہ لیباریٹری میں بھیجا جاتا ہے اور اِس کا جائزہ خوردبین کے نیچے رکھ کر یہ جاننے کے لئے لیا جاتا ہے کہ کہیں کسی قسم کے خلافِ معمول خلیے تو موجود نہیں ہیں۔ خلافِ معمول خلیے سرطان نہیں ہیں لیکن یہ علاج نہ ہونے کی وجہ سے سرطان میں تبدیل ہو سکتے ہیں۔

آپ کے ٹیسٹ کے نتیجے کی مناسبت سے آپ کا نمونہ انسانی پیپیلوماوائرس (ایچ پی وی) کی اُن اقسام کے لئے بھی ٹیسٹ کیا جاسکتا ہے جو رحم کے سرطان کا باعث بنتی ہیں۔

اگلے مرحلے میں ممکن ہے کہ آپ کے رحم کا زیادہ باریک بینی سے جائزہ لینے کے لئے آپ کو ایک اور ٹیسٹ (جسے کولپوسکوپی کہا جاتا ہے) کروانے کے لئے کہا جائے اگر کولپوسکوپی کرنے والے فرد کو خلافِ معمول خلیے ملتے ہیں تو وہ آپ کو اُن خلیوں کو نکلوانے کی تجویز دیں گے جوکہ عام طور پرایک اور کولپوسکوپی کے دوران کیاجاتا ہے۔ اس طرح اسکریننگ سے رحم کے سرطان کو ہونے سے روکا جاسکتا ہے۔

## اگر میں اسکریننگ کروانے کا انتخاب کرتی ہوں تو کیا ہوگا؟

**آپ کی اپائنٹمنٹ سے قبل:**

رحم کی اسکریننگ عام طور پر کوئی خاتون نرس یا ڈاکٹر کرتی ہے۔ اگر آپ اِس بات کو یقینی بنانا چاہتی ہیں کہ کوئی خاتون یہ ٹیسٹ کرے تو آپ اپائنٹمنٹ بناتے وقت اِس کے بارے میں بات کر سکتی ہیں۔

آپ کی اپائنٹمنٹ اُس دن کے لئے ہونی چاہیے جب آپ حیض کی حالت میں نہ ہوں۔ اگر آپ کو ماہواری نہیں ہوتی تو آپ کی اسکریننگ کسی وقت بھی ہوسکتی ہے۔

ڈھیلی ڈھالی اسکرٹ (پینٹ یا کسی ہوئی اسکرٹ کی بجائے) پہننے سے ہوسکتا ہے کہ ٹیسٹ کے لئے تیار ہونے میں مدد ملے۔ برائے مہربانی جب آپ کا ٹیسٹ ہو تو اِس سے دو دن پہلے فرج کے لئے کسی قسم کی ادویات، چکنا کرنے والا مواد یا کریم استعمال نہ کریں کیونکہ اِن سے وہ نمونہ متاثر ہوسکتا ہے جو آپ کی نرس یا ڈاکٹر نے لیا ہو۔

اگر آپ حاملہ ہیں، اگر آپ نے رحم براری کروائی ہے یا کوئی اور وجہ ہے جس کی بنا پر آپ سمجھتی ہیں کہ رحم کا اسکریننگ ٹیسٹ کروانا آپ کے لئے مشکل ہوگا تو برائے مہربانی اپنی نرس یا ڈاکٹر سے بات کریں۔ وہ آپ کے ہر قسم کے سوال کا جواب دینے اور خدشات دور کریں گے اور آپ کے لئے مناسب انتظامات کریں گے۔

**آپ کی اپائنٹمنٹ کے دوران:**

نرس یا ڈاکٹر آپ کو کمر سے نیچے والا لباس اتارنے کے لئے کہے گی اور آپ کو بستر پر ایسی حالت میں لیٹنے کے لئے کہے گی کہ آپ کے گھٹنے مُڑے ہوئے ہوں اور آپ کی ٹانگیں کھلی ہوئی ہوں۔


ایک آلہ جسے سپیکیولم کہا جاتا ہے کو آپ کی فرج میں داخل کیا جائے گا اور پھر اِسے آرام سے کھولنے کے لئے استعمال کیا جائے گا۔ اِس سے ڈاکٹر یا نرس آپ کا رحم دیکھ سکے گی۔

پھر وہ آپ کے رحم سے نمونہ لینے کے لئے ایک چھوٹا سا برش استعمال کریں گی۔ اصل ٹیسٹ میں ایک یا دو منٹ لگتے ہیں۔ پوری اپائنٹمنٹ میں عام طور پر 10 منٹ لگتے ہیں۔

## رحم کی اسکریننگ کروانا کیسا محسوس ہوتا ہے؟

آپ کو کچھ بے آرامی محسوس ہو گی لیکن یہ جلد ہی رفع ہوجائے گی۔ اگر یہ عمل تکلیف دہ محسوس ہو تو نرس یا ڈاکٹر سے بات کریں اور وہ اِسے آپ کے لئے زیادہ آرام دہ بنانے کی کوشش کرے گی۔

# رحم کی اسکریننگ کا ٹیسٹ کروانا



# رحم کی اسکریننگ کے نتائج

آپ کو ٹیسٹ کروانے کے بعد 2 ہفتوں کے اندر ایک خط موصول ہوگا جو آپ کو آپ کے نتیجے سے آگاہ کرے گا۔

## زیادہ تر خواتین کو معمول کے مطابق نتیجہ ملے گا

رحم کی اسکریننگ کروانے والی 100 میں تقریباً 94 خواتین کو معمول کا نتیجہ ملے گا۔ اگر آپ کو معمول کے مطابق نتیجہ ملتا ہے تو آپ کو اگلے اسکریننگ ٹیسٹ سے پہلے رحم کا سرطان ہونے کا بہت کم خطرہ ہے۔

## کچھ خواتین کے نمونوں میں خلافِ معمول خلیے ہوں گے

رحم کی اسکریننگ کروانے والی 100 میں سے تقریباً 6 خواتین کے نمونوں میں خلافِ معمول خلیے موجود ہوں گے۔ خلافِ معمول خلیے سرطان نہیں ہیں لیکن بعض اوقات علاج نہ ہونے کی صورت میں یہ سرطان میں تبدیل ہوسکتے ہیں۔

### معولی سے خلافِ معمول خلیے

خلافِ معمول خلیوں والی زیادہ تر خواتین میں صرف معمولی سے خلافِ معمول خلیے ہوں گے۔ معمولی سے خلافِ معمول خلیے دو قسم کے ہوتے ہیں جنہیں معمولی تبدیلیاں اور کم درجے کے ڈسکری اوسس (dyskaryosis) کہا جاتا ہے۔

اگر آپ میں معمولی سے خلافِ معمول خلیے موجود ہوں تو آپ کا نمونہ انسانی پیپیلوما وائرس (ایچ پی وی) کی اقسام کے لئے ٹیسٹ کیا جائے گا جو کہ رحم کے سرطان کا باعث بن سکتے ہیں۔

اگر آپ کو ایچ پی وی انفیکشن نہیں ہے تو اگلی اسکریننگ سے پہلے آپ کو رحم کا سرطان ہونے کا کم درجے کا خطرہ ہے۔ آپ کی عمر کی مناسبت سے آپ کو حسب معمول اسکریننگ کے لئے 3 یا 5 سال کے بعد دوبارہ بلایا جائے گا۔ اگر آپ کو ایچ پی وی انفیکشن ہے تو آپ کے رحم کا زیادہ باریک بینی سے جائزہ لینے کے لئے آپ کا ایک اور ٹیسٹ (جسے کولپو سکوپی کہا جاتا ہے) کیا جائے گا۔

### انتہائی خلافِ معمول خلیے

چند خواتین کے نمونے میں انتہائی خلافِ معمول خلیے موجود ہوں گے۔

اِسے اونچے درجے کے ڈسکری اوسس کے نام سے موصوم کیا جاتا ہے۔


اگر آپ کے خلیے انتہائی خلافِ معمول ہوں گے تو آپ کے رحم کا زیادہ باریک بینی سے جائزہ لینے کے لئے آپ کو کولپوسکوپی کروانے کے لئے کہا جائے گا۔

### خواتین کے نمونوں میں شاذو نادر ہی سرطان کے ممکنہ خلیے ہوتے ہیں

اگر آپ کو یہ نتجہ ملتا ہے تو آپ کو جتنی جلدی ممکن ہو کسی ماہر یعنی اسپیشلسٹ سے ملنے کے لئے بلایا جائے گا۔ یہ 1000 میں تقریباً ایک خاتون کے ساتھ ہوتا ہے۔

### نتیجہ حاصل کرنے سے پہلے چند خواتین کو رحم کی اسکریننگ کا ایک اور ٹیسٹ کروانا درکار ہوگا

کبھی کبھار خواتین کو ٹیسٹ دوبارہ کروانے کی ضرورت ہوتی ہے کیونکہ نمونہ اتنا واضح نہیں تھا۔ ایسا ہونے کی صورت میں آپ کو ایک اور ٹیسٹ کروانے کے لئے بلایا جائے گا۔ ہر 100 اسکریننگ ٹیسٹوں میں سے تقریباً 2 کے ساتھ یہ ہوتا ہے۔



# کولپوسکوپی کیا ہے؟

کولپوسکوپی ایک ایسا ٹیسٹ ہے جو یہ دیکھنے کے لئے کیا جاتا ہے کہ آپ کے رحم کے کتنے حصّے میں خلافِ معمول خلیے ہیں اور یہ کسی حد تک سنجیدہ نوعیت کے ہیں۔ یہ عام طور پر ہسپتال میں بیرونی مریضوں کے کلینک میں کیا جاتا ہے۔ کوئی اسپیشلسٹ محدب عدسے اور روشنی (جسے کولپوسکوپ کہتے ہیں) کی مدد سے آپ کے رحم کا باریک بینی سے جائزہ لے گا۔ وہ آپ کے رحم کے غیر معمولی نظر آنے والے حصّوں سے چھوٹا نمونہ (بائیوپسی) لیں گے۔ اگر خلافِ معمول خلیے سنجیدہ نوعت کے ہوئے تو آپ کو اِن خلیوں کو نکلوانے کے لئے علاج کی ضرورت ہوسکتی ہے۔ اِس سے رحم کے سرطان سے بچنے میں مدد ملتی ہے۔

## کولپوسکوپی کے نتائج

**آپ کی کولپو سکوپی سے یہ بات عیاں ہوسکتی ہے کہ آپ میں خلافِ معمول خلیے ہیں جن کا نکالا جانا لازمی ہے**

اگر پتہ چلتا ہے کہ آپ میں سنجیدہ نوعیت کے خلافِ معمول خلیے ہیں تو اِن کو نکالا جاسکتا ہے۔ یہ عام طور پر کولپوسکوپی کے دوران، ہسپتال میں بیرونی مریضوں کے کلینک میں کیا جاتا ہے۔

کولپوسکوپی کروانے والی آدھی خواتین کے بارے میں پتہ چلتا ہے کہ اُن میں خلافِ معمول خلیے ہیں جن کو نکالا جانا چاہیے۔

**آپ کی کولپوسکوپی دکھاسکتی ہے کہ آپ کو سرطان ہے**

شاذو نادر ہی اسکریننگ کے ذریعے خواتین میں سرطان کی تشخیص ہوگی۔ اسکریننگ کے ذریعے پکڑا جانے والا سرطان عام طور پر ابتدائی مراحل پر ہوتا ہے۔ خواتین جن کا رحم کا سرطان ابتدائی مراحل میں ہوتا ہے اُن کا اُن خواتین کے مقابلے میں بچنے کا زیادہ امکان ہوتا ہے جن کو نسبتاً اگلے مرحلے کے سرطان ہوں۔

# فیصلہ کرنا – رحم کی اسکریننگ کے ممکنہ فوائد و خطرات

یہ اختیار آپ کو حاصل ہے کہ آپ رحم کی اسکریننگ کروائیں یا نہ کروائیں۔ بہت ساری دوسری وجوہات ہیں جن کی بنا پر خواتین فیصلہ کرتی ہیں کہ آیا وہ اسکریننگ کروائیں یا نا کروائیں۔ فیصلہ کرنے میں آپ کی مدد کرنے کے لئے ہم نے ممکنہ فوائد اور خطرات کے بارے میں معلومات شامل کردی ہے۔

### رحم کی اسکریننگ کے کیا فوائد ہیں؟

رحم کی اسکریننگ رحم کے سرطان سے بچنے میں مدد کرتی ہے۔ یہ اسکریننگ کروانے والی 100 خواتین میں سے تقریباً ایک خاتون کو سرطان ہونے سے بچاتی ہے۔

رحم کی اسکریننگ ہر سال برطانیہ میں رحم کے سرطان سے 5000 کے برابر زندگیاں بچاتی ہے۔

### رحم کی اسکریننگ کے خطرات کیا ہیں؟

رحم کی اسکریننگ کے خطرات بذات خود اسکریننگ کی بجائے کولپوسکوپی کے دوران خلاف معمول خلیوں کو نکالنے سے پیدا ہوتے ہیں۔ بعض اوقات خلافِ معمول خلیوں کو نکالنے کے نتیجے میں جریانِ خون یا انفیکشن ہوسکتی ہے اور اِس سے مستقبل میں ہونے والے حمل بھی متاثر ہوسکتے ہیں۔ وہ خواتین جو خلافِ معمول خلیے نکالنے کے بعد حاملہ ہوتی ہیں اُن میں عام طور پر بچے کی 1 یا 2 ماہ قبل از مدت ولادت کا امکان ذرا زیادہ ہوتا ہے۔

خلافِ معمول خلیے نکلوانے والی ہر عورت میں آگے جا کر سرطان نہیں ہوتا۔ لیکن ہر فرد جس میں سنجیدہ نوعت کے خلافِ معمول خلیے موجود ہوں، اُن کو علاج کروانے کے لئے کہا جاتا ہے کیونکہ یہ کہنا مشکل ہے کہ کس کو رحم کا سرطان ہوگا اور کس کو نہیں۔

## رحم کے سرطان کی علامات کیا ہیں؟

سرطان آپ کے باقاعدہ اسکریننگ ٹیسٹوں کے درمیان ہوسکتا ہے۔ اِس لئے یہ انتہائی اہم ہے کہ آپ ہر اُس چیز پر نظر رکھیں جو آپ کے لئے غیر معمولی ہو، خاص طور پر مندرجہ ذیل پر:

- دو ماہواریوں کے درمیان، جنسی مباشرت یا سنِ یاس یعنی حیض کا زمانہ گزرنے کے بعد جریانِ خون۔
- فرج سے رطوبتوں کا اخراج۔
- جنسی مباشرت کے دوران درد یا بے آرامی۔

اگر آپ میں اِن میں سے کوئی ایک تبدیلی بھی وقوع پذیر ہو تو جتنی جلد ممکن ہوسکے ڈاکٹر سے ملیں۔ اپنی رحم کی اگلی اسکریننگ کی اپائنٹمنٹ کا انتظار مت کریں۔

عام طور پر اِن علامات کا یہ مطلب نہیں ہے کہ آپ سرطان میں مبتلا ہیں لیکن اگر پتہ چلتا ہے کہ آپ کو سرطان کا مرض لاحق ہے تو جلد تشخیص و علاج ہونے کا مطلب ہے کہ آپ کے بچنے کے امکانات زیادہ ہیں۔

# میرے رحم کے سرطان میں مبتلا ہونے کے امکانات پر کیا شے اثرانداز ہوتی ہے؟

رحم کی اسکریننگ کروانے سے آپ کے رحم کے سرطان میں مبتلا ہونے کے امکانات کم ہوجاتے ہیں۔

رحم کے سرطان کے تقریباً تمام کیس ایچ پی وی انفیکشن کی وجہ سے ہوتے ہیں۔ ایچ پی وی کسی مرد یا عورت کے ساتھ کسی قسم کے جنسی عمل کے نتیجے میں دوسرے لوگوں کو منتقل ہوسکتا ہے۔

اُن خواتین اور حضرات کے اندر ایچ پی وی انفیکشن ہونے کا زیادہ امکان ہوتا ہے جن کے زیادہ جنسی ساتھی رہے ہوں۔ لیکن ایچ پی وی اتنا عام ہے کہ زیادہ تر لوگ اپنی زندگی میں کبھی نہ کبھی اِس میں مبتلا ہوں گے۔ ایچ پی وی پورے کے پورے اعضائے تناسل کی جلد پر موجود ہوتا ہے اور یہ کسی بھی قسم کے جنسی عمل سے پھیل سکتا ہے۔ اِس کا مطلب یہ ہے کہ کنڈوم آپ کو ایچ پی وی انفیکشن ہونے سے ہمیشہ محفوظ نہیں رکھ سکتے۔

تمباکو نوشی سے رحم کے سرطان کا خطرہ بڑھ جاتا ہے کیونکہ یہ آپ کے جسم کے لئے ایچ پی وی انفیکشنوں سے چھٹکارا حاصل کرنا مشکل کر دیتی ہے۔ 12 سے 13 سال کی عمر کی لڑکیوں کو رحم کے سرطان کا باعث بننے والے ایچ پی وی کے خلاف اب حفاظتی ٹیکے لگوانے کے لئے کہا جاتا ہے۔

# اسکریننگ کے بعد میرے نمونے کے ساتھ کیا ہوتا ہے؟

آپ کا اسکریننگ کا نمونہ لیبارٹری کم سے کم 10 سال تک رکھے گی۔ آپ کا نتیجہ ایک قومی محفوظ کمپیوٹر کے نظام میں بھی رکھا جائے گا تاکہ این ایچ ایس آپ کے تازہ ترین نتائج کا پہلے والے نتائج سے موازنہ کرسکے۔ اِس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ سروس اتنی اچھی ہے جتنی کہ یہ ممکنہ حد تک ہوسکتی ہے اور اسپیشلسٹ عملے کے ہنروں کو نکھارنے کے لئے آپ کے نتائج کو ہیلتھ سروس میں دوسری جگہوں پر کام کرنے والا عملہ بھی دیکھ سکتا ہے۔

## اگر میں کوئی سوال پوچھنا چاہوں تو کس سے بات کرسکتی ہوں؟

اگر آپ رحم کی اسکریننگ کے متعلق کوئی سوال پوچھنا چاہیں تو آپ اپنے جی پی، پریکٹس نرس یا خاندانی منصوبہ بندی کے کلینک سے بات کرسکتی ہیں۔ آپ رحم کی اسکریننگ بشمول اِس کتابچے کو لکھنے کے لئے استعمال کیے گئے شواہدی وسائل کے بارے میں زیادہ تفصیلی معلومات اِس ویب سائٹ پر موجود ہے:

دی این ایچ ایس سرویکل اسکریننگ پروگرام
**www.cancerscreening.nhs.uk/cervical**

انفارمڈ چوائس اباؤٹ کینسر اسکریننگ
**www.informedchoiceaboutcancerscreening.org**

رحم کی اسکریننگ کے بارے میں مندرجہ ذیل مخیّر اداروں کی ویب سائٹیں ہوسکتا ہے آپ کو ممدو معاون لگیں۔

کینسر ریسرچ یو کے
**www.cruk.org**

جوز سرویکل کینسر ٹرسٹ
**www.jostrust.org.uk**

ہیلتھ ٹاک آن لائن
**www.healthtalkonline.org**

Crystal Mark 20959
Clarity approved by Plain English Campaign

The Information Standard
Certified member

55

یہ کتابچہ انفارمڈ چوائس اباؤٹ کینسر اسکریننگ نے – کنگز ہیلتھ پارٹنرز کے معلومات کے بارے میں خود مختار ماہرین کی ٹیم نے کینسر ریسرچ یوکے کی مشاورت اور تحریری تعاون اور خاکوں کے بارے میں جوز سرویکل کینسر ٹرسٹ کی مدد سے تیار کیا ہے۔

سے زائد معاشرے کے اراکین نے این ایچ ایس کے سرطان کی1000عوامی مشاورت کے ذریعے، اسکریننگ پروگراموں کے بارے میں معلومات کے بارے میں طرزِ عمل کی تیاری میں حصّہ لیا -

مشاورت میں مندرجہ ذیل تنظیموں نے تعاون کیا۔ بیٹنگ باؤل کینسر، بی ایم ای کینسر کمیونٹیز، باؤل کینسر یوکے، بریک تھرو بریسٹ کینسر، بریسٹ کینسر کمپین، بریسٹ کینسر کیئر، کینسر ریسرچ یوکے، انڈیپنڈنٹ کینسر پیشنٹس وائس، جوز سرویکل کینسر ٹرسٹ اور دی پیشنٹ انفرمیشن فورم۔

**www.informedchoiceaboutcancerscreening.org**

این ایچ ایس کینسر اسکریننگ پروگراموں نے مالی تعاون کیا ہے۔
این ایچ ایس کینسر اسکریننگ پروگرام کو پبلک ہیلتھ انگلینڈ چلاتا ہے۔

CANCER RESEARCH UK

Informed Choice about Cancer Screening

نےfeltonworks.comخاکہ تیار کیا ہے
2901195 -2015 نظرثانی تاریخ، زیادہ سے زیادہ ستمبر 2013ستمبر
(اے این ٹی)13 ملین جولائی 11.6 پی

اور کوڈ xxxxxxxwww.orderline.dh.gov.ukاِس عنوان کی مزید نقول کے لئے وزٹ کریں
03001231003؛ منی کوم: 03001231002کا حوالہ دیں یا ڈی ایچ پبلیکشنز آرڈر آن لائن سے رابطہ کریں۔ فون:

KING'S HEALTH PARTNERS